ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((408

19.07.2022

**ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ڈپٹی کمشنر بہاولپور کے ہمراہ محرم الحرام کے سلسلہ میں دفتر چیمبر آف کامرس بھاولپور میں منعقدہ امن کانفرنس میں شرکت، سنیئر ارکان چیمبر آف کامرس، انجمن تاجران، امن کمیٹی کے ممبران اور لائسنسد اران و منتظمین جلوس ومجالس کی بڑی تعداد بھی شریک۔**

بہاول پور( ) تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار اور ڈپٹی کمشنر بہاولپور عرفان علی کاٹھیا کی سربراہی میں چیمبر آف کامرس میں محرم الحرام کے سلسلہ میں انجمن تاجران، لائسنسد اران اور امن کمیٹی کے ممبران سے میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔اس کانفرنس میں صدر چیمبر آف کامرس حافظ محمد یونس، سابق صدور چیمبر آف کانفرنس چوہدری عبدالجبار، شیخ عباس رضا، ممبران امن کمیٹی، ممبران انجمن تاجران، پولیس سرکل آفیسرز و مہتمم تھانہ جات ضلع ہذا اور سول سوسائٹی کے سینئیر رہنماں کی بھی شرکت۔اس موقع پر ڈی پی او بھاولپور عبادت نثار نے کہا کہ محرم الحرام میں مل کر قیام امن کو یقینی بنائیں گے۔محرم کا مہینہ امن، بھائی چارے اور باہمی اتفاق واتحاد کا درس دیتا ہے۔اس مہینے کے تقدس کے پیش نظر ہمیں فرقہ واریت اور مذہبی منافرت کی بجائے مذہبی ہم آہنگی اور اخوت ومحبت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے تاکہ ملک دشمن قوتوں کو اپنے مذموم اور ناپاک عزائم میں کامیابی حاصل نہ ہو۔ڈی پی او نے مزید کہا کہ جلوس ہائے میں وقت کی پابندی کریں اور جلوس کی بروقت بر آمدگی اور اختتام کو یقینی بنائیں۔جلوس کو منظور شدہ روٹ کے علاوہ کہیں اور جانے کی اجازت نہ دی جائے گی۔موجودہ ملکی صورت حال میں امن وامان کو یقینی بنانے کے لئے پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔ بعد ازاں محرم الحرام کے سلسلے میں لائسند اران اور منتظمین جلوس ومجالس کے مسائل سنے اور ان کے منصفانہ اور پرامن حل کی یقین دہانی کروائی۔اس موقع پر دیگر مقررین نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ڈپٹی کمشنر بہاولپور کے ہمراہ محرم الحرام کے سلسلہ میں دفتر چیمبر آف کامرس بھاولپور میں منعقدہ امن کانفرنس میں شرکت، سنئیر ارکان چیمبر آف کامرس، انجمن تاجران، امن کمیٹی کے ممبران اور لائسنسد اران و منتظمیں جلوس ومجالس کی بڑی تعداد بھی شریک۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((409

19-07-2022

**بہاول پور() ایس پی انوسٹی گیشن اسلان زاہد کی کھلی کچہری،20 شہریوں نے اپنے مسائل ایس پی کے سامنے رکھے،انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے،کھلی کچہری کا مقصد بلاتاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا ہے،ایس پی انوسٹی گیشن**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی اوعبادت نثار کی ہدایت پر ایس پی انوسٹی گیشن ارسلان زاہد کی ڈی پی او دفتر میں کھلی کچہری،20 شہریوں نے شرکت کی۔کھلی کچہری میں آخری شہری تک سب کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو کارروائی اوردرخواستوں پر دیئے گئے ٹائم میں واپسی رپورٹ بھجوانے کے احکامات جاری کیے۔ایس پی انوسٹی گیشن نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری اولین ترجیح ہے تاکہ دور دراز سے آنے والے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دادرسی کی جاسکے۔ایس پی انوسٹی گیشن نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو بنیادی اصول بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیا جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے،عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:۔ایس پی انوسٹی گیشن ارسلان زاہد کی ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری، متعدد شہریوں کے مسائل سن کر موقع پر احکامات جاری۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((410

19-07-2022

## ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار اور ایس پی انوسٹی گیشن ارسلان زاہد نے محکمانہ ترقی پانے والے اے ایس آئیز کو موشن پر بیجز لگائے۔

تفصیل کے مطابق محکمانہ ترقی کے لئے ڈسٹرکٹ پولیس آفس میں ڈی پی او اور ایس پی انوسٹی گیشن نے محکمانہ ترقی پانے والے 15 ہیڈ کانسٹیبلان کو اے ایس آئی کے بیجز لگائے۔ اے ایس آئی کے عہدہ پر ترقی پانے والوں میں ساجد علی، عبدالحفیظ، شبیر احمد، محمد نعیم خان، فیاز حسین، محمد جمشید عارف، ساجد مقصود، محمد ساجد، محمد جاوید، محمد سعید، محمد نعیم اقبال، شفیق الرحمان، محمد زولفقار، سجاد حسین اور رخسانہ صدیق ملک مشتعمل ہیں۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے تمام ترقی پانے والے آفیسران کو مبارک باد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے انکو اپنے فرائض محنت، ایمانداری اور فرض شناسی سے سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس میں بھرتی ہونے والے تمام آفیسران کی اگلے عہدوں پر ترقی کی خواہش ہوتی ہے جس کے لئے وہ محنت، ایمانداری اور جانفشانی سے کام کرتے ہیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار اور ایس پی انوسٹی گیشن ارسلان زاہد نے محکمانہ ترقی پانے والے اے ایس آئیز کو موشن پر بیجز لگائے۔